# جوادالائمہ امام محمد تقی علیہ السلام

مولانا سید علی ہاشم عابدی



امام محمد تقی علیہ السلام ہمارے نویں امام ہیں۔ آپؑ کے والد ماجد سلطان عرب وعجم، عالم آل محمدؐ، امام رؤوف حضرت ابوالحسن امام علی رضا علیہ السلام ہیں اور والدہ ماجدہ حضرت سبیکہ سلام اللہ علیہا ہیں، جو نوبہ (مصر) کی رہنے والی تھیں اور فرزند رسول جناب ابراہیمؑ کی والدہ گرامی ام المومنین جناب ماریہ قبطیہؓ کے خاندان سے تھیں۔ امام علی رضا علیہ السلام نے ان کو خیزران کے نام سے یاد کیا۔

جناب سبیکہ سلام اللہ علیہا کی عظمت کے لئے یہی کافی ہے کہ حجت خدا، ولی کبریاء باب الحوائج حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے اپنے صحابی یزید بن سلیط سے فرمایا: جب تم ان خاتون (جناب سبیکہ سلام اللہ علیہا) سے ملاقات کرنا تو میرا سلام کہہ دینا۔

امام محمد تقی علیہ السلام کا نام ''محمد''، کنیت ''ابوجعفر ثانی'' اور القاب جواد، ابن الرضا، تقی، زکی، قانع، رضی، مختار، متوکل، مرتضیٰ اور منتجب ہیں۔

آپؑ 10 رجب المرجب سن 195 ہجری کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی بیٹی اور امام علی رضا علیہ السلام کی خواہر گرامی جناب حکیمہؑ سے روایت ہے کہ جب امام محمد تقی علیہ السلام کی ولادت کا وقت قریب آیا تو میں انکی والدہ ماجدہ جناب خیزران سلام اللہ علیہا کی خدمت میں پہنچی۔ میرے امام اور بھائی امام علی رضا علیہ السلام نے مجھے حکم دیا کہ میں جناب خیزران سلام اللہ علیہا کے پاس ہی رہوں، لہذا خیزران سلام اللہ علیہا کے کمرے میں گئی۔ رات کا وقت تھا لہذا امام علی رضا علیہ السلام نے ایک روشن چراغ وہاں رکھ دیا اور خود حجرے سے باہر نکل کر دروازہ بند کر دیا۔ جناب خیزران سلام اللہ علیہا کے سامنے ایک طشت تھا جیسے ہی ولادت کا وقت آن پہنچا اچانک چراغ گل ہوگیا اور کمرے میں تاریکی پھیل گئی جس سے میں پریشان ہوگئی۔ تھوڑی ہی دیر بعد کیا دیکھا کہ امام محمد تقی علیہ السلام طشت میں ہیں اور آپؑ کے نورانی وجود سے حجرہ منور ہے۔ میں نے فوراً ہی انکو اپنی آغوش میں لے لیا اور انکی والدہ ماجدہ جناب خیزران سلام اللہ علیہا سے کہا کہ اللہ نے آپ کو اس مولود کے نور کے سبب چراغ سے بے نیاز کر دیا۔ اسی وقت امام علی رضا علیہ السلام حجرے میں داخل ہوئے اور نومولود کو مجھ سے لے کر گہوارے میں لٹا دیا اور فرمایا: حکیمہ! گہوارے کے قریب ہی رہنا۔ جناب حکیمہؑ فرماتی ہیں کہ ولادت کے تیسرے دن امام محمد تقی علیہ السلام نے آسمان کی جانب چہرہ کیا اور آنکھیں کھولیں اور زبان پر کلمہ شہادتین جاری کیا۔ یہ منظر دیکھ کر مجھے بہت تعجب ہوا، امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں گئی اور ان کو پورے ماجرے کی اطلاع دی تو امام رضا علیہ السلام نے فرمایا: آئندہ اس سے بھی زیادہ تعجب خیز اور حیرت انگیز واقعات ان سے رونما ہوں گے۔

تاریخ وروایات کی اکثر کتب سے ثابت ہے کہ امام محمد تقی علیہ السلام امام علی رضا علیہ السلام کے اکلوتے فرزند ہیں۔ جب امام علی رضا علیہ السلام کی عمر مبارک 47 برس ہوگئی اس وقت آپؑ کی ولادت ہوئی۔ اس لئے اکثر مومنین کے لئے یہ بات تشویش ناک تھی کہ جب امام علی رضا علیہ السلام لاولد ہیں تو ان کے بعد کون امام ہوگا، اسی طرح فرقہ واقفیہ کہ جنہوں نے مال دنیا کی حوس میں آٹھویں امامؑ کی امامت کا انکار کیا تھا ان کو بھی موقع مل گیا اور شبہہ ایجاد کرنے لگے کہ حضرت رضاؑ کیسے امام ہو سکتے ہیں جب کہ وہ ابھی تک لاولد ہیں۔ اگرچہ جب بھی کسی نے امام علی رضا علیہ السلام سے سوال کیا کہ آپؑ کے بعد امام کون ہوگا تو امامؑ نے فرمایا: ''اللہ مجھے ایک بیٹا دے گا۔ جو میرے بعد تم پر اللہ کی حجت اور امام ہوگا۔'' اور جب امام محمد تقی علیہ السلام کی ولادت با سعادت ہوگئی تو امام علی رضا علیہ السلام نے آپؑ کو ''مولود مبارک'' کے نام سے یاد کیا۔ یحییٰ صنعانی کا بیان ہے کہ میں مکہ مکرمہ میں امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ آپؑ کیلا چھیل کر اپنے نور نظر کو کھلا رہے ہیں۔ عرض کیا کہ کیا یہ وہی مولود مبارک ہیں؟ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: ''ہاں۔ اے یحییٰ! یہ وہی مولود ہے کہ اسلام میں اس سے زیادہ بابرکت کوئی مولود ہمارے شیعوں کے لئے نہیں پیدا ہوا۔'' اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے متعدد بار آپؑ کو مولود مبارک کے عنوان سے یاد کیا تھا۔

چونکہ حدیث رسولؐ ہے کہ 9 ائمہؑ امام حسین علیہ السلام کی نسل سے ہوں گے لہذا فرقہ واقفیہ نے یہ شبہہ ایجاد کیا کہ امام رضا علیہ السلام لاولد ہیں لہذا یہ کیسے امام ہو سکتے ہیں جیسا کہ خود فرقہ واقفیہ کے ایک سردار ''حسین بن قیاما واسطی'' نے امام علی رضاؑ کو خط لکھا کہ آپؑ کیسے امام ہو سکتے ہیں جب کہ آپؑ لاولد ہیں۔ امامؑ نے اس کے جواب میں لکھا ''تمہیں کیسے پتہ کہ میں لاولد ہی رہوں گا۔ خدا کی قسم! کچھ دن بعد اللہ مجھے ایک ایسا فرزند عطا کرے گا جو حق کو باطل سے جدا کر دے گا۔'' لہذا جب امام محمد تقی علیہ السلام کی ولادت با سعادت ہوئی تو دشمنوں کی ساری سازشیں ناکام ہوگئیں۔

محمد بن میمون جو نابینا تھے ان کا بیان ہے کہ میں نے مکہ مکرمہ میں امام علی رضا علیہ السلام کی زیارت کی اور انکی خدمت میں عرض کیا کہ میں مدینہ جا رہا ہوں، چاہتا ہوں کہ مدینہ میں آپؑ کے فرزند کی زیارت کروں لہذا آپؑ ایک خط لکھ دیں تا کہ مدینہ میں ان سے ملاقات ہو سکے۔ یہ سنا تھا کہ امام علی رضا علیہ السلام مسکرائے کیوں کہ اس وقت امام محمد تقی علیہ السلام کی عمر مبارک صرف چھ ماہ تھی۔ امامؑ نے خط لکھ کر مجھے دیا جسے لے کر میں مدینہ میں آپؑ کے بیت الشرف پر حاضر ہوا اور وہاں موجود غلام سے کہا کہ میرے مولا کو لے کر آؤ تا کہ میں ان کی زیارت کا شرف حاصل کروں اور ان کی برکتوں سے فیضیاب ہوں۔ غلام اپنی آغوش میں امام محمد تقی علیہ السلام کو لایا تو میں نے آپؑ کو سلام کیا، مولاؑ نے سلام کا جواب دیا اور پوچھا کیسے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ مولاؑ بیماری کے سبب نابینا ہوگیا ہوں۔ آپؑ نے فرمایا: قریب آؤ۔ میں نزدیک گیا اور غلام کو خط دیا، غلام نے خط کھولا تو امامؑ نے پڑھا اور مجھ سے فرمایا اور قریب آؤ، میں اور قریب گیا تو امامؑ نے اپنے ننھے ہاتھ کو میری آنکھوں پر پھیرا تو میں بینا ہوگیا۔

اسی طرح کا معجزہ اور کرامت کا واقعہ محمد بن سنان نے بھی نقل کیا ہے جب امام محمد تقی علیہ السلام کی عمر مبارک صرف 15 ماہ تھی۔ الختصر دور مہد ہی سے ایسے معجزات و کرامات ظاہر ہوئے جو عام انسانوں کے سلسلہ میں تصور بھی نہیں کئے جا سکتے ہیں۔ ظاہر ہے آپؑ حجت خدا اور ولی الٰہی تھے اللہ نے آپؑ کو علم لدنی عطا کیا تھا۔ نیز روایت میں ہے کہ راتوں میں امام علی رضا علیہ السلام اپنے فرزند کے گہوارے کے قریب تشریف فرما ہوتے اور ان سے محو کلام ہوتے تھے۔ دنیا سمجھ رہی تھی کہ امام رضاؑ اپنے فرزند کو لوریاں دے رہیں تا کہ وہ سو جائیں لہذا آپؑ سے کہا گیا کہ اب آپؑ کے لئے مناسب نہیں ہے کہ بچے کو سلانے کے لئے لوریاں دیں تو امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: ''نہ میں ان کو لوریاں دیتا ہوں اور نہ ہی وہ اس سے سوتے ہیں بلکہ میں انہیں الٰہی معارف سے آگاہ کرتا ہوں اور علم کے ذریعہ عزیز بناتا ہوں۔'' ظاہر ہے جسے علام الغیوب خدا علم لدنی عطا کرے اور عالم آل محمد امام علی رضا علیہ السلام گہوارے میں علم ومعارف سے آشنا کرائیں تو دنیا کے علماء وفقہاء اس سے علمی مناظروں میں کیسے سبقت حاصل کر سکتے ہیں؟

امام محمد تقی علیہ السلام کی عمر مبارک صرف 8 برس تھی کہ مامون عباسی نے آپؑ کے والد ماجد امام علی رضا علیہ السلام کو زہر دغا سے شہید کر دیا اور اس کمسنی میں امامت کی ذمہ داریاں آپؑ پر آئیں۔ چوں کہ امام محمد تقی علیہ السلام سے قبل کوئی امام اتنی کمسنی میں منصب امامت پر فائز نہیں ہوا تھا اس لئے عوام تو عوام بعض خواص کے لئے بھی یہ مسئلہ پیچیدہ ہوگیا تھا۔ جیسا کہ روایت میں ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام کی شہادت کے بعد بغداد میں ''ریان بن صلت''، ''صفوان بن یحییٰ''، ''محمد بن حکیم''، ''عبدالرحمٰن بن حجاج'' اور ''یونس بن عبدالرحمٰن'' بعض دوسرے شیعہ بزرگان کے ساتھ عبدالرحمٰن بن حجاج کے گھر میں جمع ہوئے اور امام علی رضا علیہ السلام کی مظلومانہ شہادت پر گریہ و زاری اور عزاداری میں مصروف ہوگئے۔ تھوڑی ہی دیر گذری تھی کہ ''یونس بن عبدالرحمٰن'' نے لوگوں سے کہا کہ یہ گریہ وزاری ختم کرو، پہلے اس اہم مسئلہ کے لئے فکر کرو کہ اب امام کون ہے؟ کیا ہم اس کمسن بچے کو امام مان لیں یا ان کے بڑے ہونے کا انتظار کریں، پھر اس مدت میں کس سے ہدایت حاصل کریں۔ یہ سننا تھا کہ ''ریان بن صلت'' اٹھے اور ''یونس'' کے گلے کو پکڑ لیا اور انکے سر وصورت پر مارتے ہوئے بولے۔ ''تم ہمارے سامنے ابھی تک ایمان کا اظہار کرتے رہے جب کہ شک اور شرک تمہارے اندر چھپا ہوا تھا۔ کیوں کہ اگر کسی کی امامت اللہ کی جانب سے ہو تو اگرچہ وہ ایک دن کا بچہ ہی کیوں نہ وہ سو سال کے بزرگ جیسا ہے لیکن اگر اللہ کی جانب سے امامت نہیں ملی ہے تو سو سال کا ہی کیوں نہ ہو وہ امام نہیں ہو سکتا۔'' وہاں موجود دیگر لوگوں نے بھی یونس کی سرزنش کی۔

حج کے ایام نزدیک تھے لہذا بغداد اور دیگر شہروں سے 80 علماء اور فقہاء فریضہ حج کی ادائیگی کی خاطر مکہ مکرمہ گئے اور اس کے بعد قبر رسولؐ کی زیارت اور امام محمد تقی علیہ السلام سے ملاقات کے لئے مدینہ پہنچے۔ مدینہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے گھر کے باہری دالان میں بیٹھ گئے۔ امامؑ کے چچا جناب عبداللہ بن موسیٰؑ وہاں پہنچے اور صدر مجلس میں بیٹھ گئے۔ ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ یہ فرزند رسولؐ ہیں جس کو جو پوچھنا ہے ان سے پوچھ لے۔ فقہاء نے سوالات پوچھنے شروع کئے لیکن عبداللہ صحیح جواب نہ دے سکے جس سے انہیں مایوسی ہوئی اور کسی نے یہاں تک کہہ دیا کہ اگر (امام) محمد تقیؑ جواب دے سکتے ہوتے تو عبداللہ یہاں نہ آتے۔ یہ سن کر سب اٹھنے لگے کہ خادم نے آ کر کہا کہ آپ حضرات تشریف رکھیں امام محمد تقی علیہ السلام تشریف لا رہے ہیں۔ سب بیٹھ گئے تھوڑی دیر بعد امام محمد تقی علیہ السلام تشریف لائے تو سلام و احوال پرسی کے بعد فقہاء نے سوالات پوچھنا شروع کیا تو آپؑ نے سب کے قانع کنندہ جوابات دیئے تو سب خوش ہو گئے اور دعا دینے لگے اور کہنے لگے کہ ابھی آپ کے چچا عبداللہ نے اس کے غلط جوابات دیئے ہیں۔ کوئی اور ہوتا تو چچا کی غلطی پر پردہ ڈالتا لیکن امام محمد تقی علیہ السلام نے وہیں اپنے چچا سے فرمایا: ''چچا! خدا کے نزدیک یہ بہت بڑی بات ہے کہ کل آپ اس کے سامنے کھڑے ہوں اور وہ آپ سے پوچھے کہ یہ جانتے ہوئے کہ امت میں تم سے بڑا عالم موجود ہے تو پھر تم نے کیوں فتویٰ دیا؟''

اگر ہم امام محمد تقی علیہ السلام کی علمی شخصیت پر گفتگو کریں تو نہ ہمارے لئے کماحقہ گفتگو ممکن ہے اور نہ ہی اس مختصر تحریر میں گنجائش ہے۔ امام زادہ علی بن جعفر علیہ السلام جیسے بزرگ، عالم اور راوی حدیث آپؑ کے احترام میں کھڑے ہو جاتے، آپؑ کے پیچھے چلتے، آپؑ کی جوتیاں سیدھی کرنے کو اپنے لئے شرف سمجھتے، جب کہ وہ امامؑ کے دادا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے بھائی اور والد ماجد امام علی رضا علیہ السلام کے چچا تھے۔ جب کسی نے ان سے کہا کہ آپ بزرگ ہوتے ہوئے بھی ایک بچے کا احترام کر رہے ہیں تو انہوں نے اس سے کہا کہ خاموش ہو جاؤ، پھر اپنی سفید داڑھی کو ہاتھ میں لیا اور فرمایا: ''اگر خدا نے اس سفید داڑھی کو امامت کے لئے مناسب نہیں سمجھا اور اس کمسن کو مناسب سمجھا تو کیا میں اس کا انکار کر دوں۔ خدا کی پناہ چاہتا ہوں میں اس کا اطاعت گذار بندہ ہوں۔''

مامون عباسی نے اپنی پرانی سازش پھر رچی اور جس طرح امام علی رضا علیہ السلام کو اپنے پاس بلایا تھا اسی طرح امام محمد تقی علیہ السلام کو بھی بلا لیا تا کہ امام علی رضا علیہ السلام کے قتل سے اسے جو بدنامی ملی تھی وہ کم ہو جائے، امامؑ کو اپنی نظروں کے سامنے رکھ سکے، اپنی بیٹی ام الفضل کہ جو خباثت میں اپنے باپ کی کاربن کاپی تھی اس سے امامؑ کی شادی کرا دی تا کہ اگر ممکن ہو تو امامؑ کی نسل اس سے چل جائے گی وگرنہ کم از کم بیت امامت کی خبریں ملتی رہیں گی۔ لیکن جیسے اسے امام علی رضا علیہ السلام کو ولی عہد بنا کر ناکامی ملی اور انکو شہید کرا کر بدنامی ملی ویسے ہی امام محمد تقی علیہ السلام کو بھی داماد بنا کر دو جہاں کی ناکامی ہی اس کو نصیب ہوئی اور ابدی لعنت اور عذاب اسکی بیٹی کا مقدر بنا۔

مامون نے جب امام محمد تقی علیہ السلام کی شادی اپنی بیٹی ام الفضل سے کی تو شادی سے قبل علماء سے علمی مناظرہ بھی ہوا جس میں یحییٰ بن اکثم جیسے نامور عالم کو شکست قبول کرنی پڑی۔ اسی طرح دیگر مناظرے بھی ہوئے جہاں شکست ہی مقابل کا نصیب ہوئی۔ مامون نے جہاں علمی مناظرے کرا کر آپؑ کے علم کا امتحان لینا چاہا وہیں بغداد میں اپنے قصر میں شاہانہ ٹھاٹھ باٹھ دے کر نفسانی خواہشات کا بھی امتحان لیا اور اسی طرح مسخروں اور گناہگاروں کی ذریعہ آپؑ کی شخصیت کو بھی پرکھا لیکن ہر محاذ پر اسے ناکامی ہی ملی۔ ظاہر ہے جو حجت خدا ہو، جسے اللہ نے ولایت تکوینی عطا کی ہو، جس کی نظر میں معبود کے سوا کوئی نہ ہو وہ بھلا کیسے دنیا والوں سے دھوکہ کھا جاتا، وہ تو اس علیؑ کے وارث تھے جنہوں نے دنیا کو مخاطب کر کے فرمایا: اے دنیا! میرے علاوہ کو دھوکہ دے، میں نے تجھے تین طلاق دے دی جس کے بعد رجوع کی گنجائش نہیں ہے۔

کتب تاریخ و روایات میں امام محمد تقی علیہ السلام کے بہت سے معجزات وکرامات نقل ہوئے ہیں جن میں سے بعض کی جانب ہم صرف اشارہ پر اکتفاء کرتے ہیں۔ آپؑ نے اپنے والد کے صحابی و خادم ابا صلت ہرویؒ کو قید خانہ سے نجات دلائی، راس الحسینؑ شام کے عابد ومجاور کو فخر سلیمانؒ نے چشم زدن میں شام سے کوفہ اور مکہ ومدینہ کا سفر کرایا اور اسے با اعجاز قید خانہ سے نجات دلائی، غیر مذہب والے پیاسے کو بغیر مانگے نہ صرف پانی پیش کیا بلکہ جب اس کے دل میں پانی کے سلسلہ میں شک ہوا کہ کہیں اس میں زہر نہ ہو تو پہلے خود وہی پانی پیا پھر اسے پلایا، عصا نے آپؑ کی امامت کی گواہی دی۔ آپؑ کے وضو کے پانی کی برکت سے سوکھا درخت سرسبز وشاداب ہوگیا۔

اگرچہ ام الفضل نے کئی بار اپنے باپ مامون سے اپنے شوہر امام محمد تقی علیہ السلام کی شکائت کی لیکن اس نے اس پر کوئی خاص توجہ نہیں دی لیکن مامون کے بعد جب اس کا بھائی معتصم تخت حکومت پر بیٹھا تو اس سے بھی شکائت کرنی شروع کر دی۔ انہیں ایام میں ایک چور کی سزا کے سلسلہ میں درباری قاضی یحییٰ بن اکثم نے قرآن کے مخالف فیصلہ کیا جس پر امامؑ نے قرآنی آیت کو پیش کر کے اس کے فیصلہ کو غلط ثابت کر دیا، جس سے اسے اپنی جہالت پر شرمندہ ہونا پڑا تو اس گناہ گار نے اپنے دل میں کینہ پال لیا اور آپؑ کے قتل کا درپے ہوگیا لہذا اس نے بھی معتصم سے آپؑ کی جھوٹی شکائتیں کرنی شروع کر دی۔ آخر معتصم عباسی کے حکم پر ام الفضل نے آپ کو زہر دیا اور آپؑ ماہ ذی القعدہ کے آخری دن سن 220 ہجری کو شہید ہو گئے۔ شہادت کے بعد آپؑ کو آپؑ کے دادا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے پہلو میں دفن کیا گیا۔

☆☆☆☆

## جوادالآئمہ حضرت امام محمد تقیؑ کی شہادت



سید سرفراز عباس رضوی کراروی

جوادالآئمہ حضرت امام محمد تقی علیہ السلام ابن امام علی رضا علیہ السلام ہمارے نویں امام اور سلسلۂ عصمت و طہارت کی گیارہویں کڑی ہیں، آپ کی بلندی وحیثیت کا تذکرہ علماء ومورخین نے مختلف پیرایہ میں کیا ہے چنانچہ۔

(۱) علامہ اہل سنت محمد بن خاوند شاہ تحریر کرتے ہیں کہ علم وفضل وحکمت وغیرہ میں آپ کو وہ مرتبہ حاصل تھا جو کسی کو بھی میسر نہ تھا، (روضۃ الصفا جلد ۳،ص ۱۶ مطبوعہ ایران)

(۲) ملا حسین واعظ کاشفی کا کہنا ہے کہ آپ کی منزلت اور آپ کی ہستی نہایت ہی بلند تھی (روضۃ الشہداء،ص ۳۱۱ طبع لکھنؤ)

(۳) علامہ محمد بن طلحہ شافعی کا بیان ہے کہ آپ اگرچہ آئمہ طاہرین میں سب سے کم عمر کے تھے لیکن قدر ومنزلت میں اپنے آباء واجداد کی طرح نہایت بلند وبالا تھے۔

(۴) علامہ شبلنجی مصری رقمطراز ہیں کہ امام علیہ السلام کے فضائل ومناقب بیحد وحساب ہیں (نورالابصار،ص ۱۷۷ مطبوعہ بیروت)

(۵) علامہ شیخ مفید علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں کہ فضائل وکمالات میں آپ کے زمانے میں کوئی بھی آپ کی برابری نہیں کر سکتا تھا (تحفۂ سلیمانیہ شرح ارشاد شیخ مفید، ص ۵۱۲ مطبوعہ ایران)

آپ علیہ السلام کا نام محمد کنیت ابوجعفر اور القاب جواد، قانع اور مرتضیٰ تھے لیکن مشہور ترین لقب تقی تھا۔ آپ کی ولادت ۱۰ رجب المرجب ۱۹۵ھ اور شہادت ۲۹ ذی قعدہ ۲۲۰ھ بعہد معتصم عباسی ہوئی یعنی معتصم نے آپ کو زہر دیکر شہید کر دیا۔ کتاب وسیلۃ النجات،ص ۳۹۷ مطبوعہ لکھنؤ میں ہے کہ جب مامون عباسی کے بعد خلیفہ معتصم تحت خلافت پر بیٹھا اور اس نے امام محمد تقی علیہ السلام کے فضائل وکمالات کا آوازہ سنا تو براہ بغض وعناد مدینہ منورہ سے بمقام بغداد آپ کو طلب کر لیا امام محمد تقی علیہ السلام جب مدینہ سے چلنے لگے تو آپ نے اپنے فرزند امام علی نقی علیہ السلام کو اپنا وصی اور جانشین قرار دیکر کتب علوم الٰہی اور آثار جناب رسالت پناہی انھیں سپرد فرمایا اس کے بعد مدینہ منورہ سے روانہ ہو کر نویں محرم ۲۲۰ھ کو بغداد (عراق) پہنچے اور معتصم نے اسی سال آپ کو شہید کر دیا شہادت کے وقت آپ کا سن شریف پچیس (۲۵) سال کا تھا۔ مورخین لکھتے ہیں کہ آپ کو آپ کے والد امام علی رضا علیہ السلام کی طرح زہر سے شہید کیا گیا تھا ملاحظہ ہو (روضۃ الشہداء،ص ۳۸۰ وشواہد النبوہ،ص ۲۰۴ وصواعق محرقہ،ص ۱۲۳ وغیرہ)

کہتے ہیں کہ آپ کو آپ کی بیوی ام الفضل نے اپنے باپ مامون کے حکم کے مطابق (معتصم کی مدد سے) زہر دیکر شہید کر دیا (نورالابصار،ص ۱۷۸ از علامہ شبلنجی مصری) کتب و تواریخ میں ہے کہ امام علیہ السلام کی شہادت کے بعد امام علی نقی علیہ السلام نے آپ کی مدینے با اعجاز تشریف لا کر تجہیز وتکفین میں شرکت کی اور جنازہ کی نماز پڑھائی کیوں کہ امام کی نماز جنازہ سوائے امام کے کوئی دوسرا نہیں پڑھا سکتا۔ اس کے بعد آپ کو مقابر قریش میں اپنے جد نامدار حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے پہلو میں دفن کر دیا گیا اس وقت کاظمین عراق میں آپ کا روضۂ مبارک ہے جس کی زائرین زیارت کرتے ہیں۔

آپ کی اولاد اور سلسلۂ سادات رضویہ: بقول مورخین اور علماء علم انساب آپ کے دو فرزند نرینہ اور دو غیر نرینہ تھے

(۱) امام علی نقی علیہ السلام (۲) جناب موسیٰ مبرقع (۳) جناب فاطمہ (۴) جناب امامہ

نسابۂ دوراں حضرت سید جمال الدین ابن عنبہ داؤدی المتوفی ۸۲۸ھ تحریر فرماتے ہیں کہ امام علی رضا علیہ السلام کی اولاد میں صرف امام محمد تقی علیہ السلام تھے اور انھیں سے امام علی رضاؑ کی نسل چلی ہے (عمدۃ الطالب،ص ۱۹۹ طبع نجف اشرف) امام علی نقی علیہ السلام کی اولاد اپنے کو نقوی اور جناب موسیٰ مبرقع کی نسل اپنے کو رضوی لکھتی ہے۔ سادات کراری ضلع الہ آباد (کوشامبی) کا سلسلۂ نسب سید حسام الدین بن کمال الدین کے توسط سے جناب موسیٰ مبرقع علیہ الرحمہ ابن امام محمد تقی علیہ السلام سے ملتا ہے

حقیر راقم الحروف کا شجرۂ نسب: سید سرفراز عباس بن سید حسن عباس بن سید محمد عباس بن سید گلراز حسین بن سید اظہار حسین بن سید سلطان علی بن سید غلام مخدوم بن سید نجابت علی بن سید نجم الدین بن سید کرم علی بن سید محمد امین بن سید احمد عالم بن سید معین الدین بن سید ابوالمعالی بن سید جان بن سید ابراہیم بن سید فیروز بن سید جاون بن سید خوندمیر بن سید حسین بن سید معین الدین بن سید حسن بن سید خوندمیر بن سید احمد بن سید نصراللہ (نصیرالدین) بن سید حسام الدین (مورث اعلیٰ سادات کراری) بن سید کمال الدین بن سید بدرالدین بن سید تاج الدین شہید بن سید تگی بن سید عبدالعزیز بن سید ابراہیم بن سید محمود بن سید زید بن سید عبداللہ زربخش بن سید یعقوب بن سید ابوعبداللہ احمد نقیب قم بن سید محمد اعرج بن سید احمد ابوالمکارم بن سید موسیٰ مبرقع ابن امام محمد تقی علیہ السلام ابن امام علی رضا علیہ السلام

Mob. 7567349023

# امام محمد تقیؑ کے فضائل وکمالات سے تمام عقلیں مبہوت تھیں

ڈاکٹر شجاعت حسین



امام محمد تقی علیہ السلام مظہر اوصاف کبریا، یوسف بتول، نفس رسول، گلشن امامت کے پھول، ضوفگن فروع واصول، علم و عمل کی اذاں، ایثار وقربانی کی داستاں، آفتاب وقمر کل ایماں، امیر نظام کہکشاں، آیت مدثر ومزمل، معراج سخاوت، اوج عصمت، مرکز عبدیت، قدرت مشیت، قلزم کمالات، منبع فضیلت اور مومنین کا ذریعہ نجات تھے۔ کسی بھی بشر کے لیے آپ ع کی خصوصیات، فضائل وکمالات کا حصار کرنا ناممکن ہے۔

امام محمد تقی الجواد علیہ السلام ابن حضرت امام علی رضا علیہ السلام تمام معصومین علیہم السلام میں سب سے کمسن اور چھوٹے تھے۔ کیونکہ جب آپ صرف 7-6 سال کے تھے تب ہی عطوفت پدری سے محروم ہوگئے۔ لیکن اس کے باوجود آپؑ کی قدر ومنزلت آپ کے آباؤ اجداد کی طرح نہایت عظیم تھی اور آپؑ کا بلند تذکرہ بر سر نوک زبان تھا (مطالب السؤل، صفحہ 195)۔

علامہ حسین واعظ کاشفی رقم طراز ہیں ''مقام وے بسیار بلند است'' آپ کی منزلت اور آپ کی ہستی بلند تھی (روضۃ الشہداء، 438)۔ یہ فضیلت وعظمت محبان امامؑ کے لیے فخر وافتخار کی بات ہے جو علامہ خاوند شاہ تحریر کرتے ہیں ''در کمال فضل وعلم و ادب وحکمت امام جواد بمرتبہ بودہ کہ ہیچ کس را از اعظم سادات آن مرتبہ نہ بودہ۔'' اس متن کا ترجمہ لازمی ہے کہ قارئین کرام کے ذہن عالیہ میں بطور جذبہ نقش کر جائے۔ علم، ادب وحکمت میں امام محمد تقیؑ کو وہ کمال حاصل تھا جو کسی کو بھی نصیب نہ تھا۔

(روضۃ الصفا، جلد 3، صفحہ 16)۔

علامہ شبلنجی لکھتے ہیں کہ امام تقیؑ کمسنی کے باوجود فضائل سے مزین تھے ''ومناقبہ کثیرۃ'' اور آپ کے مناقب ومدائح بے شمار ہیں۔ (نورالابصار، 145) آپؑ جملہ صفات حسنہ میں یگانۂ روزگار تھے۔

اگر کوئی عالم، ذاکر، مصنف یا صحافی امام محمد تقی علیہ السلام کی نظر بندی، قید اور شہادت بیان کرتا، تحریر کرتا یا سماعت کرتا ہے تو غم سے آنکھیں نم ہو جاتی ہیں۔ دل ودماغ میں ہیجان پیدا ہوتا ہے۔ حاکم وقت ملعون نے مدینہ رسول ص سے فرزند رسول ص کو طلب کیا۔ عظیم شرف کے باوجود آپ حکومت وقت کی کسی ریاست کے قابل نہیں متصور ہوئے۔ معتصم نے بغداد طلب کر آپ ع کو قید کر دیا۔ علامہ اربلی لکھتے ہیں کہ ''چون معتصم بخلافت بہ نشست آنحضرت را از مدینہ منورہ بدارالخلافہ بغداد آوردہ حبس فرمودہ'' (کشف الغمہ، صفحہ 121)۔ آپ نے ایک سال تک قید کی سختیاں صرف اس جرم میں برداشت کیں کہ آپ کمالات امامت کے حامل کیوں ہیں اور آپ کو خدا نے یہ شرف کیوں عطا فرمایا ہے۔ اللہ اللہ آپ پر اتنی سختیاں، اتنی کڑی نگرانی اور نظر بندی تھی کہ آپ ع اکثر اپنی زندگی سے بیزار ہو جاتے تھے۔ ہائے اب وہ وقت آ گیا کہ آپ ع صرف 25 سال 3 ماہ اور 12 یوم کی عمر میں قید خانہ کے اندر (29 ذی قعدہ 220 ہجری یوم سہ شنبہ) معتصم کے زہر سے شہید ہو گئے۔ کہا جاتا ہے کہ آپ کو آپ کی زوجہ ام الفضل نے اپنے باپ مامون کے حکم کے مطابق (معتصم کی مدد سے) زہر دے کر شہید کیا۔ نورالابصار، صفحہ 147)؛ (کشف الغمہ، صفحہ 121، صواعق المحرقہ، صفحہ 123، ارشاد، 480)۔

شہادت کے بعد حضرت امام علی نقی علیہ السلام نے آپ کی تجہیز وتکفین میں شرکت کی اور نماز جنازہ پڑھائی اور اس کے بعد آپ مقابر قریش میں اپنے جد نامدار حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے پہلو میں دفن کیے گئے۔ آپ کے دادا کا لقب کاظم اور آپ کا لقب جواد ہے اس لیے اس شہر کو ''کاظمین'' اور وہاں کے اسٹیشن کو آپ کے دادا کی شرکت کی وجہ سے ''جوادین'' کہا جاتا ہے۔

عالم انسانیت میں امام تقی علیہ السلام ابن امام علی رضا علیہ السلام کی قمری کیلنڈر کے مطابق 1226 ویں یوم شہادت بڑے رنج وغم سے منائی جا رہی ہیں۔ شہادت کی مناسبت سے شہر شہر، قریہ قریہ، امامبارگاہوں، گھروں اور ہالوں میں مجلسیں منعقد کی جا رہی ہیں۔ مومنین ومومنات کی جانب سے امامؑ کے نوہ پسر یعنی امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ الفرجہ الشریف کی خدمت میں تہنیت پیش کئے جا رہے ہیں۔

حضرت امام تقیؑ کی کل حیات طیبہ 25 برس پر محیط ہے۔ اس قلیل عمر کی مدت کے دوران یا یوں لکھا جائے کہ آپ کا عہد حیات میں جو بادشاہ وقت گزر رہا ہے اس کا نام اور اس کی حکمرانی کی مدت قارئین کرام کے لیے تحریر کرنا دلچسپی کا باعث ہوگا اور اسلامی تاریخ کے علم میں خاطر خواہ اضافہ بھی۔ امامؑ کی حیات طیبہ کے دوران تین خلیفہ/بادشاہ مقرر ہوئے۔ مختلف خلیفۂ وقت کے نام اور مدت کچھ اس طرح ہیں۔ آپؑ کی جب ولادت ہوئی تو اس وقت کا بادشاہ امین ابن ہارون رشید عباسی تھا (وفیات الاعیان)، 198 ہجری میں مامون رشید بادشاہ وقت ہوا (تاریخ خمیس وابوالفداء) اور اس کے بعد 218 ہجری میں معتصم عباسی خلیفۂ وقت قرار پایا۔

امامؑ سے حسد، دشمنی، پابندی اور سازش کی تاریخ رہی ہے لیکن ظالم وجابر خلیفۂ وقت آپؑ کے فضائل وکمالات سن طفلی سے ہی ہر شیطانی حربہ اپنایا لیکن الٰہی نور کو مقید کر نہ سکا۔

آپؑ دنیا کہ تمام فضائل کے حامل تھے۔ دنیا کہ تمام لوگ اپنے مختلف ادیان ہونے کے باوجود آپؑ کی غیر معمولی صلاحیتوں سے حیرت زدہ تھے۔ آپؑ سات سال اور کچھ ہی مہینے کی عمر میں درجہ امامت پر فائز ہوئے، آپؑ نے ایسے علوم و معارف کے دریا بہائے جس سے تمام عقلیں مبہوت ہو کر رہ گئیں۔

امام محمد تقی علیہ السلام کی اس کمسنی میں جید فقہاء اور معروف علماء بھی مشکل اور پیچیدہ مسائل دریافت کرتے تھے جس کا آپؑ ایک تجربہ کار فقیہ کے مانند جواب دیتے تھے۔ راویوں کا کہنا ہے کہ آپ سے تین ہزار مختلف قسم کے مسائل پوچھے گئے جن کے جوابات آپؑ نے بڑے حسن وخوبی سے تشریح اور فصاحت سے وضاحت کر بیان فرمائے۔

بڑے بڑے علماء آپؑ کے مناظروں، فلسفی، کلامی اور فقہی بحثوں سے متاثر ہو کر آپ کی عظمت کا اقرار کرتے اور خلیفۂ وقت، معتصر کے دربار میں جا کر آپؑ خوبیوں، صلاحیتوں، فضل وبرتری کا تذکرہ واقرار کرتے تھے۔ یہ توصیف ومباحات ہے کہ عظام فقہاء اور اکابر علماء سات سال کی عمر میں ہی آپؑ کے علوم سے مستفیض ہوتے تھے۔ اپنے کمال وفضل کی وجہ سے دنیا والوں کے لیے حیرت وتعجب کا سبب تھے۔ تاریخ شاہد ہے کہ بغداد کے قاضی القضات، یحییٰ بن اکثم سے سوال وجواب ہوا۔ یحییٰ نے امام سے سوال کیا، امامؑ نے اس مسئلہ کی تحلیل کرتے ہوئے اس کی مختلف صورتیں بیان کیں۔ مجمع میں تکبیر و تہلیل کی صدائیں گونجنے لگیں اور اس طرح سب پر آشکار ہو گیا کہ اللہ نے اہل بیتؑ کو علم وحکمت عطاء کیا ہے جس طرح اس نے تمام انبیاء اور رسول اکرم کو عطاء کیا ہے:

دامن تمھارا چھوڑ کے جائیں بھی کس جگہ
منزل بھی تم یقین بھی تم
اوصاف کیا لکھے یہ قلم وارث رضا
تہذیب انما بھی ہو حق کی رضا بھی تم

حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کے اقوال آفتاب علم کی شعاعیں ہیں جو بندگان خدا کے لیے ہدایت اور مستقل مشعل راہ ہیں۔ آپؑ کی ہدایتیں صرف ایک پہلو کو لیے ہوئے نہیں ہیں بلکہ زندگی کے تمام پہلوؤں کو لیے ہوئے ہیں۔ تمام انسانوں کو کمال مطلق کی طرف ہدایت کرتے ہیں۔ آپؑ کے چند اقوال ذریں زندگی کے لیے راہ نما قرار پا سکتے ہیں۔

آپ کے حکیمانہ مقولوں کا ایک ذخیرہ ہے جیسے آپ کے جد بزرگوار حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کے کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ جناب امیرالمومنین ع کے بعد امام تقی ع کے مقولوں کی تعداد کئی ہزار میں بتائی جاتی ہے۔ ان سے اپنی زندگی کو روشن اور مفید بنانے کی ضرورت۔ ''جو شخص خدا پر بھروسہ کرتا ہے لوگ اپنی حاجتیں اس سے طلب کرتے ہیں، اور جو خدا سے ڈرتا ہے لوگ اسے دوست رکھتے ہیں۔'' ''انسان کا کمال عقل میں ہے۔'' ''ظلم کرنے والا، اس کی مدد کرنے والا، اور ظلم پر راضی رہنے والا سب ظلم میں برابر کے شریک ہیں۔'' ''جو خدا کے علاوہ کسی اور سے امید لگائے خدا اس کو اسی پر چھوڑ دیتا ہے اور جو بغیر علم کے عمل کرے وہ صلاح سے زیادہ فساد پھیلاتا ہے۔'' ''دین عزت کا سبب ہے، علم خزانہ ہے، خاموشی نور ہے، صالح رہنما سے قوم کی اصلاح ہوتی ہے۔'' اور ''عفت فقر کی، شکر استغفار کی، صبر بلا کی، انکساری بزرگی کی، فصاحت کلام کی، تواضع علم کی، ادب عقل کی، خندہ پیشانی سخاوت کی، احسان نہ جتانا نیکی کی، اور بے فائدہ باتوں سے کنارہ کشی تقویٰ کی زینت ہے۔''

اے خدایا! امام محمد تقی الجواد علیہ السلام کے صدقے میں ہمیں علم، حلم، سخاوت، فصاحت، حکمت، صبر وشکر، زہد وتقویٰ اور اقوال ذریں پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرما آپؑ کی خوشنودی و شفاعت حاصل کرنے کا ذریعہ بن سکے!

آ کر تمھارے در پہ شفایاب ہم ہوے
تم ہی سکون قلب ہو اور ہو دوا بھی تم
میری طرف بھی نظر کرم کرنا حشر میں
ہر ایک بے سہارے کا ہو آسرا بھی تم

موبائل 7060888223

